PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

قومی انڈر19 کرکٹ ٹیم کا دورہ بنگلہ دیش ملتوی کر دیا گیا

لاہور، 10 اپریل 2021ء:

کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے سبب بنگلہ دیش میں لاک ڈاؤن کی مدت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے باعث قومی انڈر19 کرکٹ ٹیم کا دورہ بنگلہ دیش ملتوی ہو گیا ہے۔

ابتدائی طور پر قومی انڈر19 کرکٹ ٹیم کو ایک چار روزہ اور پچاس اوورز پر مشتمل پانچ میچز کھیلنے کے لیے 11 اپریل کو ڈھاکہ روانہ ہونا تھا تاہم بنگلہ دیش میں لاک ڈاؤن لگنے کے باعث روانگی میں چھ روز کی تاخیر کی گئی۔

اس کے باوجود کورونا وائرس کے پھیلاؤ میں کمی نہ آنے کی وجہ سے بنگلہ دیش کی حکومت نے ملک بھر میں جاری لاک ڈاؤن کو مزید بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے، لہٰذا ٹور کو غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔

دونوں کرکٹ بورڈز اب کورونا وائرس کی صورتحال میں بہتری آنے پر باہمی مشاورت سے دورے کی نئی تاریخوں کا اعلان کریں گے۔

دورے کی تیاریوں کی غرض سے لاہور میں جاری قومی انڈر19 کرکٹ ٹیم کا تربیتی کیمپ بھی فوری طور پر ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications